
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : سمیع مصطفٰے

کلاس 3 کے لئے



# ٹیچر کے لئے نوٹ

- کتاب ''کوئی بات نہیں'' کو سمجھنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے ٹیچر خود بھی اس کتاب کے concept سے متفق ہوں۔
ہمارے معاشرے میں مختلف لوگوں کو ان کی ذہنی صلاحیت یا معاشرے میں رتبہ' مذہب' زبان اور علاقے کے لحاظ سے مختلف نظر سے دیکھا جاتا ہے۔
ہمارا خیال یہ ہے کہ اگر ہم ان کو differences کے ساتھ accept کرنے کی صلاحیت خود میں پیدا کرلیں تو تعلیم کا یہ ایک بہت بڑا objective ہوگا۔
یہ کتاب تیسری جماعت کے ابتدائی دنوں میں پڑھائی جائے۔ یہ صرف ایک تجویز ہے۔ ٹیچر بچوں کی ذہنی صلاحیت کو مدنظر رکھ کر ردوبدل کرسکتی ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہوگا۔

# سیشن 1

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کتاب ''کوئی بات نہیں'' کھولنے کو کہیں۔
- پھر ٹیچر آہستہ آہستہ کتاب کو پڑھ کر سنائیں گی۔
- بچوں سے پوچھیں کہ آپ لوگوں میں کون کون یہ کتاب باآسانی پڑھ سکتا ہے۔ کئی بچے ہاتھ اونچا کریں گے۔ ان میں سے دو تین بچوں کو باری باری سامنے بلاکر کلاس کے سامنے کتاب پڑھوائیں۔
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کن کن بچوں کو پڑھنے میں دشواری ہوتی ہے۔
- شاید کچھ بچے ہاتھ اونچا کریں۔ تو ان میں سے دو تین بچوں کو کلاس کے سامنے بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ پڑھنے کی کوشش کریں۔ اگر ان کو پڑھنے میں دقت ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں اور حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے بات چیت کریں کہ ان کو یہ کتاب کیسی لگی۔
- اگر بچے کہیں کہ بہت اچھی ۔ یا چند بچوں کو کتاب پسند نہ آئے' دونوں حالتوں میں بچوں سے پوچھیں کہ ان کو کتاب میں کیا چیز پسند آئی اور کیا نہیں۔
- بچوں سے باتیں کریں کہ اس کتاب کا مقصد کیا ہے؟ بچوں کی باتیں غور سے سنیں اور کوشش کریں کہ زیادہ سے زیادہ بچوں کو بولنے کا موقع ملے
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ اس کتاب میں بنی ہوئی تصویریں جو بہت مختلف ہیں وہ کیسی لگیں۔
- اگر آپ کو تصویر بنانا ہو تو آپ ایسی تصویریں بنانا پسند کریں گے یا نہیں۔ اگر آپ کو پسند ہیں تو کل ہم آرٹ ورک میں تصویریں بنائیں گے۔

15 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیاں کھولیں۔ ٹیچر کتاب میں سے مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں ۔ بچے اپنی کوپی میں دائیں طرف یہ الفاظ لکھیں ۔ (مثلاً موٹے' دبلے' چھوٹے' بڑے' غلطی' امتحان وغیرہ وغیرہ)
- پھر ٹیچر بچوں سے باری باری پوچھیں کہ ان الفاظ کی انگریزی کیا ہوتی ہے۔
(examination, mistake, big, small, thin, fat)
- بچے جوں جوں ان الفاظ کی انگریزی بولتے جائیں ٹیچر بورڈ پر لکھتی جائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ بھی ان الفاظ کو کوپی میں لکھیں۔

## گھر کا کام

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کل دو رنگین پنسل یا crayon لے کر آئیں کیونکہ کل آرٹ کی کلاس ہوگی۔

## سیشن 2

45 منٹ

- آج ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اس کتاب میں جو تصویریں بنی ہیں وہ بہت ہی خوبصورت رنگوں میں ہیں اور بہت مختلف ہیں۔ میں چاہتی ہوں کہ آپ بھی آج جو تصویریں بنائیں وہ بہت خوبصورت اور مختلف ہوں ۔
- اب ٹیچر بچوں کو سادہ سفید کاغذ دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اس پر اوپر دائیں جانب اپنا نام، تاریخ اور کلاس لکھیں۔
- پھر ٹیچر کرسی پر ان کے سامنے بیٹھ جائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان کی تصویر بنائیں۔
- تصویر بنانے سے پہلے اس بات کا خاص خیال رہے کہ کاغذ پر نیچے تھوڑی سی جگہ ضرور چھوڑی جائے جس میں بچے ٹیچر کے بارے میں چند جملے لکھ سکیں۔
- ٹیچر خاموشی سے بیٹھی رہیں۔ جس طرح ایک ماڈل بیٹھ جاتی ہے اور بچوں کو جتنا وقت درکار ہو انہیں تصویر بنانے کا وقت دیا جائے۔
- جن جن بچوں نے تصویر بنالی ہے وہ ٹیچر کے بارے میں جو بھی لکھنا چاہیں تصویر کے نیچے لکھیں۔
- ٹیچر بچوں کے کام کو اکٹھا کریں اور اگر ممکن ہو تو کلاس میں ایک کونے سے دوسرے کونے تک پتلی رسی باندھیں جن پر بچوں کی بنائی ہوئی تصویروں کو paper clips کے ذریعے لٹکا دیں۔ اگر کسی اسکول میں display board ہو تو display board پر بھی یہ تصویریں لٹکائی جاسکتی ہیں۔
- جب تصویریں لگ جائیں تو ٹیچر ہر ایک تصویر کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں۔ ان کی بات سنیں اور ان کے کام کی تعریف کریں۔

## سیشن 3

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے بات کریں کہ شرارتیں کرنا یا غلطی کرنا یا امتحان میں اچھے نمبروں کا نہیں آنا یا کمرہ بکھرا رکھنا اچھی بات ہے یا بری بات ہے۔
- گفتگو میں یہ بھی پوچھیں کہ آپ لوگوں میں سے کتنے بچے اپنا کمرہ صاف ستھرا رکھتے ہیں کچھ بچے ہاتھ اٹھائیں گے۔ ان کی تعریف کریں اور کہیں کہ یہ اچھی بات ہے۔ کمرہ صاف رکھنے سے ایک تو دیکھنے میں اچھا لگتا ہے دوسرے چیزیں نہیں کھوتیں اور تیسرے جب کسی چیز کی ضرورت ہوتی ہے تو پتا ہوتا ہے کہ وہ کہاں رکھی ہے اور آسانی سے مل جاتی ہے۔
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کتنے بچے اپنا کمرہ بکھرا رکھتے ہیں۔ اگر بچے ہاتھ اٹھاکر تسلیم کریں تو ان کے سچ بولنے کی تعریف کریں پھر انہیں بتائیں کہ کمرہ بکھرا رہنے سے چیزوں کے خراب ہونے کا ڈر رہتا ہے۔ اکثر چیزیں گم ہوجاتی ہیں اور ڈھونڈنے میں وقت ضائع ہوتا ہے۔

25 منٹ

- شرارتیں کرنا اچھی بات ہے یا خراب۔ بچوں کو بولنے کا موقع دیں اور ان کے خیالات کے اظہار کو نہ روکیں۔ پھر ٹیچر ان کو بتائیں کہ کچھ شرارتیں مناسب ہوتی ہیں اور کچھ نامناسب۔ اب آپ لوگ اپنی اپنی کوپیاں کھولیں اور اوپر لکھیں مناسب شرارتیں اور اس کے نیچے کوئی تین شرارتیں لکھیں جنہیں آپ مناسب سمجھتے ہیں (مثلاً درخت پر چڑھنا)۔ اس کے بعد صفحے کے باقی آدھے حصے میں لکھیں نامناسب شرارتیں اور اس کے نیچے تین نامناسب شرارتیں لکھیں (مثلاً کسی کو گھونسا مار کر چوٹ پہنچانا)۔سب بچوں کے پاس باری باری جاکر دیکھیں اور اگر کسی لفظ کو لکھنے میں مشکل پیش آرہی ہے تو ان کی مدد کریں۔
- ٹیچر بچوں سے کوپیاں جمع کرلیں اور گھر جاکر ان کی چیکنگ کریں اور غلط الفاظ کی تصیح کریں اور کچھ ایسے پوائنٹ کی نشاندہی کریں جن پر بچوں سے بات کرنا ہوگی۔(مثلاً ہوسکتا ہے کسی بچے نے ''دھکا دینا'' مناسب شرارتوں میں لکھ دیا ہو جب کہ یہ نامناسب شرارت ہے)۔
- بچوں سے کہیں کہ ہم سب مختلف مزاج' شوق اور جسامت کے ہوتے ہیں ۔ہمیں چاہیئے کہ ہم سب سے محبت سے پیش آئیں۔
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ اسی طرح دنیا میں مختلف مذاہب کے لوگ ہوتے ہیں۔ ٹیچر بچوں سے باری باری پوچھیں کہ دنیا میں کتنے مذہب ہیں۔ (اسلام' کرسچن' ہندو' سکھ' بدھ ازم' جین' پارسی وغیرہ) ہمیں چاہیئے کہ ہم ہر مذہب کے لوگوں کے مذہبی اقدار کا احترام کریں اور ان کی عزت کریں۔

## نوٹ

- شرارت اور بدتمیزی کے درمیان فرق واضح کریں۔

## گھر کا کام

- کسی بڑے کی مدد سے مختلف مذاہب کے نام لکھ کر لائیں۔کسی بھی تین مذاہب کے بارے میں تحقیق کرکے 5-8 جملے لکھیئے۔ چھٹے سیشن میں بچوں سے یہ مضمون لیا اور سنا جائے گا۔

# سیشن 4

45 منٹ

- آج ٹیچر کلاس میں بچوں سے ان کے اپنے بارے میں مضمون لکھوائیں۔ بچے اپنے بارے میں کوپی میں نام' پیدائش کی تاریخ اور کلاس لکھیں۔ اس کے بعد اپنے اوپر ایک مضمون لکھیں کہ وہ کون ہیں' کیسے ہیں'ان کے والد اور والدہ کا نام کیا ہے' وہ کتنے بہن بھائی ہیں' کہاں رہتے ہیں' کیا کھاتے ہیں' کس قسم کی شرارتیں کرتے ہیں' ان کو کیا پسند ہے' کیا ناپسند ہے' جہاں وہ رہتے ہیں وہاں چیزیں بکھری رہتی ہیں یا صاف ستھری رہتی ہیں' وہ رات کو دیر سے سوتے ہیں یا جلدی سوتے ہیں' چھٹی کے دنوں میں کیا انہیں دیر تک سونا پسند ہے یا نہیں' کیا وہ اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ شرارتیں کرتے ہیں' اگر شرارتیں کرتے ہیں تو کس قسم کی کرتے ہیں' کسی ایک شرارت کا واقع لکھیں۔
- مندرجہ بالا پوائنٹ ٹیچر صاف صاف بورڈ پر لکھ دیں تاکہ بچوں کو اس حوالے سے لکھنے میں آسانی ہو۔ جب بچے لکھ چکیں

اور وقت بچا ہو تو ٹیچر چند بچوں کو ان کے مضمون پڑھنے کے لئے کلاس کے سامنے بلائیں اور ان کی تعریف کریں اور اگر لکھنے میں غلطی ہو تو اس کی اصلاح کریں۔

## گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب کو غور سے پڑھ کر آئیں۔ کل اس سبق سے املا لیا جائے گا۔

## سیشن 5

25 منٹ
- آج ٹیچر بچوں سے املا کروائیں۔ بچے کوپی کھولیں۔ اس میں اپنا نام اور تاریخ لکھیں اور ٹیچر کتاب سے 20 الفاظ کا املا کروائیں۔
- املا مکمل ہونے کے بعد بچے اپنی کوپی دوسرے بچے سے تبدیل کریں۔
- ٹیچر املا کے سارے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھی کے کئے ہوئے کام کو چیک کریں اور نمبر دیں۔ جب نمبر دے چکیں تو ٹیچر پوچھیں کہ کتنے بچوں کی کوئی غلطی نہیں ہوئی۔ ان کو کھڑا کرکے ان کی تعریف کریں۔
- پھر جن بچوں کی کم غلطیاں ہیں ان کو بھی کھڑا کرکے تعریف کریں۔ جن بچوں سے زیادہ غلطیاں ہوئی ہیں ان کو متوجہ کریں اور کہیں کہ جیسا کتاب میں لکھا ہوا ہے (کبھی غلطی بھی ہوجاتی ہے) اگر ایسا ہوجائے تو اہم بات یہ ہے کہ آئندہ غلطی نہیں ہونا چاہیئے۔ لہذا آپ لوگ کتاب میں دیئے ہوئے الفاظ کو غور سے پڑھیں اور کوشش کریں کہ آئندہ غلطی کم سے کم ہو۔

20 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج بچے اپنی تصویر بنائیں۔ تصویر میں اپنے آپ کو اسی لباس میں دکھائیں جو انہیں سب سے زیادہ پسند ہے۔ تصویر کے نیچے نام اور اس لباس کا نام بھی لکھیں۔

### نوٹ

- کلاس ختم کرنے سے پہلے بچوں کو یاد دلائیں کہ کل وہ اپنے لکھے ہوئے مضامین لے کر آئیں گے اور کچھ بچوں سے سنے بھی جائیں گے۔

## سیشن 6

15 منٹ
- ایک دفعہ کتاب کو پہلے خود پڑھ کر سنائیں پھر بچوں سے الگ الگ پڑھوائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج الفاظ کی ضد پر کام کریں گے۔ کوپی کے صفحہ پر لائن کھینچیں۔ ایک طرف لکھیں :- موٹے، چھوٹے، کالے، پیچھے، اچھے، رونا، دیر، سونا، شرارتیں۔
- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ بچے صفحہ کے بائیں جانب ان الفاظ کی ضد لکھیں۔ اس کام میں اگر بچے کتاب دیکھنا چاہیں تو ٹیچر ان کو اس بات کی اجازت ضرور دیں۔

| | |
|---|---|
| 30 منٹ | • آج بچے مختلف مذاہب پر مضمون لکھ کر لائے ہوں گے۔ ٹیچر 5-6 بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے مضمون کلاس کے سامنے پڑھ کر سنائیں۔<br>• ٹیچر بچوں کو یہ بتائیں کہ ہر مذہب کے لوگوں کا یہ فرض بنتا ہے کہ ہم اپنے ملک میں دوسرے مذاہب کے لوگوں کے ساتھ برابر کا سلوک کریں۔ اس موضوع پر بچوں سے ان کی رائے لیں اور ان سب کو کھل کر بولنے کا موقع دیں۔<br>• ٹیچر بچوں سے ایک دفعہ اور کتاب پڑھوائیں اور خاص کرجن بچوں کو پڑھنے میں مشکل ہو ان سے ضرور پڑھوائیں اور ان کی مدد کریں۔ |

# کوئی بات نہیں

## ٹیچرز گائیڈ


جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
چوتھا ایڈیشن : مارچ 2007
مطبع : جے۔ ٹی۔ ایس پرنٹرز



bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk